© rasailojaraid.com

## حضرت مولانا خالد گرجاکھی کا سانحہ ارتحال

مورخہ 9 اپریل بروز ہفتہ نامور عالم دین مولانا خالد گرجاکھی انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مولانا مرحوم گوجرانوالہ کے ممتاز عالم دین تھے۔ آپ نے زندگی بھر بے لوث تبلیغ دین کو اپنا مشن بنائے رکھا آپ عربی اور اردو میں تحریر و تالیف کا عمدہ ذوق رکھتے تھے۔ آپ نے گوجرانوالہ اور لاہور میں ادارہ احیاء السنہ قائم کیا۔ مولانا مرحوم نے اپنی پوری زندگی خدمت دین کیلئے وقف کر رکھی تھی۔ اللہ تعالیٰ آپ کی مغفرت فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین

جہلم سے رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر صاحب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث ضلع جہلم نے آپ کی نماز جنازہ میں شرکت کی۔

## حضرت مولانا سید ظفر علی شاہ کا انتقال پر ملال

مورخہ 9 اپریل بروز ہفتہ سابق امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث گجرات سید ظفر علی شاہ اچانک وفات پا گئے انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم مسجد اہل حدیث محلّہ قاسم پورہ ریلوے روڈ گجرات کے مہتمم نیز مرکزی مسجد اہل حدیث رونٹی والی گجرات کے خطیب تھے۔ ہفتہ کی شام آپ کے بھائی مولانا سید الطاف الرحمٰن شاہ صاحب نے آپ کی نماز جنازہ پڑھائی۔ اور قبر پر دعا رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر صاحب نے کی۔

مولانا مرحوم کی رحلت پر سید ثناء اللہ شاہ صاحب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث رانیوال سیداں نے ان کے بیٹوں اور ان کے بھائی سید الطاف الرحمٰن شاہ صاحب سے گہرے رنج و غم کا اظہار کیا اور کہا کہ گجرات میں ان کی دینی خدمات کو تا دیر یاد رکھا جائے گا۔

ادارہ ''حرمین'' جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم ان علماء کے ورثاء کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین۔



© rasailojaraid.com